© rasailojaraid.com

مولانا عبدالحق مرحوم و مغفور نے قرآن مجید کے ترجمے سے لوگوں کو روشناس کرانے کے لیے جو قابلِ قدر سلسلہ شروع کیا تھا اُن کے لائق فرزند نے اُسے برابر جاری رکھا ہے ۔ زیرِ تبصرہ حصّہ ساتویں پارے کا ترجمہ ہے ۔ سب سے پہلے ایک ایک لفظ کا الگ الگ ترجمہ درج کیا جاتا ہے اور پھر نیچے اُسے محاورے کی رعایت کے ساتھ تحریر کیا جاتا ہے ۔ اگر اس سلسلے کا ذوق اور انہماک سے مطالعہ کیا جائے تو نہ صرف قرآن مجید کے مطالب اچھی طرح ذہن نشین ہو جاتے ہیں بلکہ عربی زبان سے بھی کسی حد تک مناسبت پیدا ہو جاتی ہے ۔ خدا کرے کہ فاضل مصنف اس مفید سلسلہ کو پابندی کے ساتھ جاری رکھ سکیں ۔ یہ حصّہ ۱۵۱ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے ۔

---

**کمیونزم یا اسلام ؟** | تالیف : جناب ابوالسلام نعیم صدیقی صاحب ۔ شائع کردہ : مسلم سوسائٹی ملتان صفحات ۳۲ ۔ قیمت ۲۵ پیسے ۔

جناب نعیم صدیقی صاحب کا یہ قابلِ قدر مقالہ چند ماہ پیشتر اسلامیہ کالج کی ایک تقریب میں پڑھا گیا تھا ۔ اس میں بڑے سادہ اور دلنشین انداز میں کمیونزم اور اسلام کا موازنہ کیا گیا ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ اشتراکیت میں انسان کے اخلاق اور روح پر کیا گزرتی ہے ۔ یہ مقالہ پہلے شائع ہو کر ملک کے سنجیدہ طبقوں سے خراجِ تحسین حاصل کر چکا ہے ۔ اب مسلم سوسائٹی ملتان نے اس کی افادیت کے پیشِ نظر اسے بڑے اہتمام سے شائع کیا ہے ۔ تبلیغی مقاصد کے لیے خریدنے والوں کو یہ ۱۵ روپے سینکڑہ کے حساب سے مل سکتا ہے ۔

---

**اعجازِ نطق حصّہ اوّل** | تالیف : جناب ابو سعید حیرت جلالپوری تقسیم کنندہ : تعمیری کتب خانہ ، اردو بازار ، راولپنڈی ۔ صفحات ۲۵۶ قیمت لائبریری ایڈیشن چھ روپے ۔ خاص ایڈیشن آٹھ روپے ۔

جناب ابو سعید حیرت صاحب ایک تجربہ کار معلم اور سلجھے ہوئے ادیب ہیں ۔ انہوں نے سکول کے بچوں کی تقریر کے انعامی مقابلوں کے لیے جو مواد فراہم کیا اُسے بڑے قرینے کے ساتھ قلمبند کر کے قارئین کے سامنے زیرِ تبصرہ کتاب کی صورت میں پیش کر دیا ہے ۔ یہ ایک بڑا مفید سلسلہ ہے جو ہر لحاظ سے ستائش کا مستحق ہے ۔

© rasailojaraid.com